سترہواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز منگل 31 دسمبر 2019

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ سپیشل ایجوکیشن

## راجن پور: سپیشل ایجوکیشن کے سکولوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*788: **محترمہ شازیہ عابد:** کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے سکولز کہاں کہاں واقع ہیں اور ان کی بلڈنگ کتنے کمروں پر مشتمل ہے؟

(ب) ضلع راجن پور میں بلائنڈ بچوں کے لئے علیٰحدہ سکول ہے تو اس کی بلڈنگ کتنے کمروں پر مشتمل ہے اور اس میں ٹیچر کی تعداد کتنی ہے۔

(ج) اگر تحصیل جام پور میں سپیشل ایجوکیشن سکول علیٰحدہ سے موجود نہیں ہے تو حکومت جام پور میں یہ سکول بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع راجن پور میں سپیشل ایجوکیشن کے 6 0 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل راجن پور میں 03 ادارے، تحصیل جام پور میں 1 ادارہ، تحصیل روجھان میں 01 ادارہ اور تحصیل فاضل پور میں 01 ادارہ کام کر رہا ہے۔ اداروں اور کمروں کی تفصیل "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع راجن پور میں بلائنڈ بچوں کیلئے علیٰحدہ سے کوئی سکول قائم نہیں ہے۔ لیکن ضلع راجن پور کی چار تحصیلوں میں گورنمنٹ نے چار سپیشل ایجوکیشن سنٹرز قائم کیے ہیں جن میں دوسرے معذور بچوں کے ساتھ ساتھ بلائنڈ بچے بھی زیر تعلیم ہیں جن کی تعداد 45 ہے اور ان نابینا بچوں کے لیے 06 ٹیچرز تعینات ہیں۔ کمروں، بچوں اور ٹیچرز کی تعداد کی تفصیل "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) تحصیل جام پور میں گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر 2005 سے کام کر رہا ہے۔ جس میں 156 سپیشل بچے زیر تعلیم ہیں اور 10 ٹیچرز اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہیں ہیں۔ تفصیل "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب یکم مارچ 2019)

## رحیم یار خان: سپیشل ایجوکیشن کے اداروں اور سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*815: **سید عثمان محمود:** کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے ادارے کہاں کہاں پر کام کر رہے ہیں؟

(ب) ان اداروں میں بچوں کو کون کون سے کورس اور ٹریننگ دی جاتی ہے، تفصیل سے آگاہ کریں۔

(ج) ان اداروں میں داخلہ کا طریق کار کیا ہے نیز دیہات سے تعلق رکھنے والے بچوں کے لئے کیا سہولیات ہیں۔

(د) ان اداروں میں کون کون سی سہولیات کی کمی ہے اور کب تک پوری کر دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے 07 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل رحیم یار خان میں 03 ادارے، تحصیل خان پور میں 02 ادارے، تحصیل صادق آباد میں 01 ادارہ اور تحصیل لیاقت پور میں 01 ادارہ کام کر رہا ہے۔ تفصیل "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان اداروں میں زیر تعلیم جسمانی معذور، بصارت سے محروم اور سلولرنرز بچوں کو جنرل ایجوکیشن کے نصاب کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ سماعت سے محروم بچوں کو جنرل ایجوکیشن کے نصاب کو بچوں کی صلاحیتوں کے مطابق موافق بنا کر تعلیم دی جاتی ہے۔ جبکہ ذہنی معذور بچوں کو تعلیم انکی ذہنی صلاحیت کے مطابق ماہر اساتذہ انفرادی تعلیمی منصوبہ بنا کر دیتے ہیں۔ مزید برآں سپیشل بچوں کو سلائی کڑھائی، میوزک، ڈوری ورک، کمپیوٹر، اشاروں کی زبان (Sign Language) اور بریل کے علاوہ روزمرہ کی معاشرتی سرگرمیوں کی تربیت بھی دی جاتی ہے تاکہ وہ معاشرے کا فعال رکن بن کر کامیاب زندگی گزار سکیں۔

(ج) ان اداروں میں داخلہ کے وقت سپیشل بچوں کی تشخیص (Assessment) کی جاتی ہے۔ داخلہ کمیٹی ان بچوں کا ٹیسٹ اور انٹرویو کرتی ہے اور پھر ان بچوں کو سکول میں داخل کر لیا جاتا ہے۔

حکومت پنجاب کی طرف سے شہر اور دیہات کے تمام سپیشل بچوں کو مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

#مفت تعلیم اور کتابیں۔

#800/ روپے ماہانہ وظیفہ۔

# سپیچ تھراپی کی مفت سہولت۔

#سال میں تین مفت وردیاں اور مفت جوتے۔

#ہوسٹل میں رہائش پذیر سماعت سے محروم بچوں کو مفت کھانا اور مفت رہائش۔

#سکول میں لانے اور واپس لے جانے کی مفت سہولت۔

#طبی معائنہ، سماعت و بصارت جانچ کروانے کی مفت سہولت۔

(د) ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے 07 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں 03 ادارے کرائے کی عمارتوں میں کام کر رہے ہیں۔ گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر صادق آباد، میں کھیل کا میدان موجود نہیں ہے۔ بنیادی سہولیات (چار دیواری، پانی، بجلی، واش روم، فرنیچر) ہر سکول میں موجود ہیں۔ وہ ادارے جو اپنی عمارتوں میں کام کر رہے ہیں وہ Disable Friendly ہیں۔ وہ ادارے جو کرائے کی عمارتوں میں کام کر رہے ہیں ان میں Disable Friendly بنیادی ڈھانچہ نہیں ہے۔

گورنمنٹ ہر سال ترقیاتی پروگرام میں زیادہ سے زیادہ اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر خان پور کی اپنی عمارت کی تعمیر کا 45 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ اور اسی سال (2019) میں ادارہ اپنی

عمارت میں منتقل ہو جاے گا۔اس کے علاوہ گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر صادق آباد کو مڈل سے اپ گریڈ کر کے سیکنڈری کر دیا گیا ہے۔ ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے اداروں میں سہولیات اور عمارتوں کی تفصیل "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب یکم مارچ2019)

## فیصل آباد شہر میں سپیشل ایجوکیشن کے اداروں سے متعلقہ تفصیلات

*1038: جناب محمد طاہر پرویز: کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)فیصل آباد شہر میں کس کس جگہ سپشل ایجوکیشن کے ادارے کس کس نام سے کہاں کہاں چل رہے ہیں؟

(ب)اس میں طالب علموں کی تعداد ادارہ وائز کتنی ہے۔

(ج)ان اداروں میں طالب علموں کو پک اینڈ ڈراپ کے لئے کتنی گاڑیاں ہیں۔

(د)ان اداروں کے سال19-2018 کے بجٹ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ دی جائے۔

(ہ)ان اداروں کے سربراہوں کے نام، عہدہ اور گریڈ بتائیں۔

(و)ان اداروں میں زیر تعلیم طالب علموں کو کیا کیا سہولیات حکومت فراہم کرتی ہے۔ کیاان کو کھانے پینے کی اشیاء بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

(تاریخ وصولی 3 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

### جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف)فیصل آباد شہر میں سپیشل ایجوکیشن کے 11 ادارے کام کر رہے ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)شہر فیصل آباد میں سپیشل ایجوکیشن کے 11 اداروں میں 1563 طالب علم زیر تعلیم ہیں۔ ادارہ وائز تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ان اداروں میں طالب علموں کوپک اینڈ ڈراپ کے لئے 22 گاڑیاں موجود ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ان اداروں کے سال19-2018 کا بجٹ 241.624 ملین روپے ہے۔ ادارہ وائز تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ)ادارہ وائز سربراہوں کے نام، عہدہ اور گریڈ کی تفصیل ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) محکمہ سپیشل ایجوکیشن حکومت پنجاب کی طرف سے سپیشل بچوں کو مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

#مفت تعلیم اور کتابیں۔

#800/روپے ماہانہ وظیفہ

#سال میں تین مفت وردیاں اور جوتے۔

# سپیچ تھراپی کی مفت سہولت۔

#ہوسٹل میں رہائش پذیر بصارت سے محروم اور سماعت سے محروم بچوں کو مفت کھانا اور مفت رہائش۔

# سکول میں لانے اور واپس لے جانے کی مفت سہولت۔

#طبی معائنہ، سماعت و بصارت سے محروم طلباء کے لیے جانچ کروانے کی مفت سہولت۔

ان اداروں میں جو طالب علم ہوسٹل میں رہائش پذیر نہیں ہیں انہیں کھانے پینے کی اشیاء فراہم نہیں کی جاتیں۔

(تاریخ وصولی جواب یکم مارچ 2019)

## بہاولپور ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے سینئر افسران کا جونیئر کے ماتحت کام کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*1103: **محترمہ خدیجہ عمر:** کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بہاولپور ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن سکولز / کالجز کے BS-18 اور BS-17 کے پرنسپل حضرات BS-17 کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے ماتحت کام کر رہے ہیں کیا صوبہ کے دیگر ڈویژنز میں بھی یہی صورتحال ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ جونیئر اور سنیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز جو کنٹریکٹ پر کام کر رہے تھے ان کو ریگولر کر دیا گیا ہے تو ان کو کب ریگولر کیا گیا ہے اور ریگولر ہونے والوں کی تعداد کتنی ہے۔

(ج) محکمہ ہذا میں سپیچ تھراپسٹ جو کنٹریکٹ پر کام کر رہے تھے کیا ان کو بھی ریگولر کر دیا گیا ہے اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ کیا جائے۔

(د) سپیشل ایجوکیشن کے سکولوں و کالجوں میں جو بچے زیر تعلیم ہیں ان کو وظائف دیئے جا رہے ہیں اگر ہاں تو ماہانہ کتنا وظیفہ دیا جاتا ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 31 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

### جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے سروس رولز کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) کی اسامی گریڈ 18 کی ہے۔ جبکہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بہاولپور کا گریڈ 10٪ + 17 ہے اور عہدہ ہیڈ ماسٹر (گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ فار سلو لرنرز، بہاولپور) ہے۔ محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے سروس رولز کے مطابق DEO کی اسامی ٹیچنگ کیڈر سے 50٪ گریڈ 18 کے آفیسر اور 50٪ نان ٹیچنگ کیڈر سے گریڈ 18 کے آفیسر کو تعینات کر کے پُر کی جاتی ہے۔ ٹیچنگ کیڈر کے صرف دو آفیسرز (BS-18) کے بہاولپور ڈویژن میں کام کر رہے ہیں۔ اس وقت نو میں سے پانچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (BS-18) کے تعینات ہیں۔ باقی چار اضلاع بشمول بہاولپور (BS-17+10) کے آفیسر تعینات ہیں۔ جیسے ہی (BS-18) کے آفیسر مہیا ہونگے ان اسامیوں پر تعینات کر دیا جائے گا۔ تفصیل ضمیمہ "ا، ب اور ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(ب) یہ درست ہے کہ جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز (BS-16) اور سینئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز (BS-17) جو کنٹریکٹ پر کام کر رہے تھے ان کو گورنمنٹ آف دی پنجاب کے نوٹیفکیشن مورخہ 01.03.2013 کی روسے مورخہ 11 جولائی 2014 سے ریگولر کر دیا گیا تھا۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

(i)۔ جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز۔ 234

(ii)۔ سینئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز 49

اس کے بعد گورنمنٹ آف دی پنجاب نے Punjab Regularization Act, 2018 نافذ کیا جس کی روشنی میں صرف ایک جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر جو کہ مذکورہ بالا ایکٹ کی شرائط پر پورا اترتا تھا اس کو مورخہ 31.01.2019 کو ریگولر کر دیا گیا تھا۔
تاہم 772 جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز اور 269 سینئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچرز جو کہ اس ایکٹ کی شرائط کو پورا نہ کرتے تھے ان کو ریگولر نہیں کیا گیا۔ تفصیل ضمیمہ "د، ہ اور و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) محکمہ ہذا میں 134 سپیچ تھراپسٹ جو کنٹریکٹ پر کام کر رہے تھے۔ ان میں سے 62 سپیچ تھراپسٹ کو Punjab Regularization Act, 2018 کے مطابق پورا اترتے تھے، ان کو ریگولر کر دیا گیا ہے۔ باقی سپیچ تھراپسٹ کنٹریکٹ پر کام کر رہے ہیں۔
تفصیل ضمیمہ " ی" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) جو بچے سپیشل ایجوکیشن کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں ان کو ماہانہ 70 فیصد حاضری کی بنیاد پر 800 روپے ماہوار وظائف دیئے جارہے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 24 مئی 2019)

## ساہیوال: سپیشل ایجوکیشن کے ملازمین اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*1189: **محترمہ عنیزہ فاطمہ**: کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) ساہیوال ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے ادارے کہاں کہاں ہیں۔ ان میں کتنے ملازمین کون سے گریڈ کے ہیں، اگر خالی اسامیاں ہیں تو کب سے خالی ہیں اور انہیں کب پر کیا جائے گا؟

(ب) ان اداروں کو سال 18-2017 اور 19-2018 میں کتنا بجٹ فراہم کیا گیا کہاں خرچ ہوا۔

(ج) کیا یہ ادارے کرائے کی عمارت میں ہیں یا سرکاری بلڈنگ میں، اگر کرایہ کی بلڈنگ میں ہیں تو ان کے کرائے کی مد میں سالانہ کتنا بجٹ خرچ ہوتا ہے۔

(د) ان اداروں میں ناکافی سہولیات کون سی ہیں اور یہ کب تک دستیاب ہو جائیں گی۔

(ہ) محکمہ کی طرف سے ان اداروں میں سال 18-2017 اور 19-2018 کے دوران کتنے افراد کو کس کس عہدہ اور گریڈ میں بھرتی کیا گیا ہے۔ ان کی تعلیمی قابلیت کیا ہے، تفصیل سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی 15 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 11 مارچ 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف)ساہیوال ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے 19 ادارے کام کررہے ہیں۔ جن میں سے ضلع ساہیوال میں 07 ادارے، ضلع پاکپتن میں 04 ادارے اور ضلع اوکاڑہ میں 08 ادارے کام کررہے ہیں۔ اداروں کی تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

اس وقت ساہیوال ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے 19 اداروں میں کل 405 ملازمین کام کررہے ہیں جبکہ 163 اسامیاں خالی ہیں۔

405 ملازمین کی گریڈ وائز اور 163 خالی آسامیاں کب سے خالی ہیں تمام تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

سکیل 16 اور اس سے اوپر کی اسامیوں کی بھرتی پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہے جس کے لیے محکمہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کو بھرتیوں کے لیے لکھ چکا ہے جسکی تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔۔ جبکہ سکیل 15 تک کی اسامیاں کی بھرتی پر گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبر SOR-IV(S&GAD)10-15/2018(BAN) مورخہ 07-12-2018 کے تحت پابندی عائد ہے جس کی وجہ سے محکمہ بھرتیاں کرنے سے قاصر ہے۔ جیسے ہی گورنمنٹ کی طرف سے بھرتیوں پر سے پابندی اٹھالی جائے گی محکمہ ان اسامیوں پر بھرتیوں کا عمل شروع کردے گا۔

(ب)ان اداروں کے سال 2017-18 اور 2018-19 کے ادارہ وائز بجٹ اور خرچ کی تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ساہیوال ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے 19 اداروں میں سے 07 ادارے کرایہ کی عمارتوں میں کام کررہے ہیں۔ کرایہ کی مد میں حکومت کو سالانہ -/3,503,520 روپے خرچ کرنا پڑرہے ہیں۔ ماہانہ اور سالانہ کرائے کی تفصیل ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ساہیوال ڈویژن میں سپیشل ایجوکیشن کے 19 اداروں میں سے 07 ادارے کرائے کی عمارتوں میں کام کررہے ہیں۔ ان تمام اداروں میں بنیادی سہولیات مثلاً چاردیواری، پانی، بجلی، واش روم، فرنیچر وغیرہ موجود ہیں۔ سپیشل ایجوکیشن کے اداروں کی اپنی عمارتیں روشن، کشادہ اور Disable Friendly ہیں البتہ کرایہ کی عمارتوں میں کام کرنے والے اداروں میں کمرے کھلے اور ہوادار تو ہیں لیکن بچوں کے کھیلنے کے لیے میدان نہیں ہیں اور نہ ہی عمارتیں Disable Friendly ہیں۔ ابتدائی طور پر ادارہ کا قیام کرایہ کی عمارت میں کیا جاتا ہے اس کے بعد محکمہ اپنی زمین کے حصول کے لیے کوشاں ہوجاتا ہے۔ گورنمنٹ ہر سال ترقیاتی پروگرام میں زیادہ سے زیادہ اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں کررہی ہے۔ سہولیات کی تفصیل ضمیمہ "و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ)محکمہ کی طرف سے ان اداروں میں سال 2017-18 اور 2018-19 کے دوران جن افراد کو بھرتی کیا گیا ان افراد کے عہدوں، گریڈ اور تعلیمی قابلیت کی تفصیل ضمیمہ "ز" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 جولائی 2019)

# قصور: سپیشل ایجوکیشن کے اداروں سے متعلقہ تفصیلات

*1220: **ملک محمد احمد خاں**: کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) قصور میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے ادارے کہاں کہاں چل رہے ہیں؟

(ب) ان اداروں کے سال 19-2018 کے بجٹ کی تفصیل بتائیں؟

(ج) ان اداروں میں کتنے طالب علم زیر تعلیم ہیں اور ان کو کیا کیا سہولیات فراہم کی جاتی ہے۔

(د) کیا تمام اداروں کے پاس طالب علموں کے Pick & Drop کے لئے بسیں / وین ہیں تو کس کس ادارے کے پاس ہیں۔

(ہ) ان میں سے کتنی چالو حالت میں اور کتنی ناکارہ ہیں۔

(و) اس ضلع میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں، کون کون سی اسامیاں خالی ہیں۔

(تاریخ وصولی 17 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 14 مارچ 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) قصور میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے 6 0 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل قصور میں 03 ادارے، تحصیل چونیاں میں 01 ادارہ، تحصیل پتوکی میں 01 ادارہ اور تحصیل کوٹ رادھا کشن میں 01 ادارہ کام کر رہاہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان اداروں کے سال 19-2018 کا بجٹ 116.287 ملین روپے ہے۔ ادارہ وائز تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع قصور میں سپیشل ایجوکیشن کے 06 اداروں میں 834 طلباء زیر تعلیم ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ محکمہ سپیشل ایجوکیشن حکومت پنجاب کی طرف سے سپیشل بچوں کو مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

# مفت تعلیم اور کتابیں۔

# 800/ (آٹھ سو) روپے ماہانہ وظیفہ

# سال میں تین مفت وردیاں اور جوتے۔

# سپیچ تھراپی کی سہولت۔

# سکول میں لانے اور واپس لے جانے کی مفت سہولت۔

# طبی معائنہ، سماعت وبصارت سے محروم طلباء کے لیے جانچ کروانے کی مفت سہولت۔

اس کے علاوہ دیگر سہولیات کی تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ضلع قصور میں سپیشل ایجوکیشن کے 06 اداروں میں طلباء کو پک اینڈ ڈراپ کے لئے 12 گاڑیاں موجود ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ)ان اداروں میں تمام 12 بسیں چالو حالت میں ہیں۔

(و)اس ضلع میں 141 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ جبکہ 06 اسامیاں خالی ہیں۔ ملازمین اور خالی اسامیوں کی تفصیل ضمیمہ "و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 اپریل 2019)

## سیالکوٹ: سپیشل ایجوکیشن کے رجسٹرڈ و غیر رجسٹرڈ اداروں اور بچوں کو وظائف سے متعلقہ تفصیلات

*1382: **محترمہ گلناز شہزادی:** کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع سیالکوٹ میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے ادارے کام کر رہے ہیں؟

(ب)ان میں سے حکومت کے ادارے کتنے ہیں اور پرائیویٹ رجسٹرڈ ادارے کتنے ہیں۔

(ج) حکومت کے ان اداروں میں بچوں کی کتنی تعداد تعلیم حاصل کر رہی ہے، تفصیل ادارہ وائز بتائیں۔

(د) کیا حکومتی اداروں میں پڑھنے والے بچوں کے لیے کوئی ماہانہ وظیفہ مقرر کیا گیا ہے اگر ہاں تو کتنا اور اسے بچوں کو دینے کا طریق کار کیا ہے۔

(تاریخ وصولی 25 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 28 مارچ 2019)

### جواب

**وزیر سپیشل ایجوکیشن**

(الف) ضلع سیالکوٹ میں سپیشل ایجوکیشن کے 11 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل سیالکوٹ میں 08 ادارے، تحصیل ڈسکہ میں 01 ادارہ، تحصیل پسرور میں 01 ادارہ اور تحصیل سمبڑیال میں 01 ادارہ کام کر رہا ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ان میں حکومت کے 07 ادارے ہیں اور 04 پرائیوٹ رجسٹرڈ ادارے ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع سیالکوٹ میں حکومت کے سپیشل ایجوکیشن کے 07 اداروں میں 736 طلباء تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ تفصیل ادارہ وائز ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) جو بچے سپیشل ایجوکیشن کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں ان کو ماہانہ 70 فیصد حاضری کی بنیاد پر 800 روپے ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے۔ جو ہر بچے کے اپنے اکاؤنٹ میں ہر ماہ ٹرانسفر کر دیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 اپریل 2019)

## تحصیل جام پور میں نابینا بچوں کے لئے قائم سکولز سے متعلقہ تفصیلات

*1524: **محترمہ شازیہ عابد:** کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) جام پور (راجن پور) میں نابینا بچوں کے لیے کتنے سکولز قائم ہیں؟

(ب) ان سکولوں میں اساتذہ کی تعداد کیا ہے اور یہ سکولز کتنی عمارت پر مشتمل ہیں۔

(ج) ان سکولوں میں نابینا بچوں کو پک اینڈ ڈراپ کے لیے کتنی بسیں ہیں اور ان کی موجودہ کنڈیشن کیا ہے۔

(د) ان سکولوں میں کون کونسی Missing Facilities ہیں نیز ان مسنگ فسلیٹیز کو کب تک پورا کر دیا جائے گا۔

(ہ) کیا حکومت ان سکولوں میں مزید سہولیات دینے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 11 فروری 2019 تاریخ ترسیل 20 اپریل 2019)

### جواب

**وزیر سپیشل ایجوکیشن**

(الف) جام پور میں نابینا بچوں کیلئے علیحدہ سے کوئی سکول قائم نہیں ہے۔ لیکن جام پور میں ایک گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر قائم ہے جس میں دوسرے معذور بچوں کے ساتھ ساتھ نابینا بچے بھی زیر تعلیم ہیں جن کی تعداد 20 ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) اس سنٹر میں 10 اساتذہ تعینات ہیں۔ یہ سنٹر ایک کنال پر محیط ہے اور یہ عمارت 07 کمروں پر مشتمل ہے۔ تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) اس سنٹر میں 02 منی بسیں سپیشل بچوں کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کر رہی ہیں۔ جن میں نابینا بچے بھی شامل ہیں۔ دونوں بسیں On Road ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) اس سنٹر کی عمارت روشن، کشادہ اور ہوادار ہے۔ تمام بنیادی سہولیات مثلاً چار دیواری، پانی، بجلی، واش رومز، فرنیچر وغیرہ موجود ہیں۔ مزید برآں اس سنٹر میں کوئی بھی Missing Facility نہیں ہے۔

(ہ) محکمہ سپیشل ایجوکیشن اس سنٹر کو مستقبل قریب میں مزید بہتر بنانے کے لیے اور Enrolled بچوں کو اچھی تعلیم مہیا کرنے کے لیے اس کو اپ گریڈ کرے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 21 مئی 2019)

## ضلع ملتان میں سپیشل ایجوکیشن کے حکومتی اور پرائیویٹ اداروں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*1690: **محترمہ سبین گل خان:** کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ملتان میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے ادارے کام کر رہے ہیں۔ حکومت کے کتنے ادارے سرکاری ہیں اور پرائیویٹ رجسٹرڈ ادارے کتنے ہیں؟

(ب) حکومت کے اداروں میں بچوں کی کتنی تعداد تعلیم حاصل کر رہی ہے، تفصیل ادارہ وائز بیان کریں۔
(ج) ان اداروں میں سپیچ تھراپسٹ، فزیکل ٹیچرز، ٹیچنگ و نان ٹیچنگ سٹاف کی منظورہ شدہ اسامیاں کتنی ہیں۔ کتنی پُر ہیں اور کتنی اسامیاں خالی ہیں۔ تفصیل سے بیان کریں۔
(د) کیا حکومت ان اداروں میں ٹیچرز و دیگر عملہ کی خالی اسامیوں کو پورا کرنے اور مسنگ فیسلیٹیز کو پورا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 25 فروری 2019 تاریخ ترسیل 20 مئی 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع ملتان میں سپیشل ایجوکیشن کے کل 15 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن پنجاب کے زیر انتظام 14 ادارے اور ایک پرائیویٹ ادارہ جو کہ محکمہ سپیشل ایجوکیشن پنجاب کے ساتھ رجسٹرڈ ہے کام کر رہا ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
(ب) حکومت کے اداروں میں کل 1433 طلباء زیر تعلیم ہیں۔ ادارہ وائز تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
(ج) ان اداروں میں سپیچ تھراپیسٹ، فزیکل ٹیچرز، ٹیچنگ و نان ٹیچنگ سٹاف کی کل منظور شدہ اسامیوں کی تعداد 457 ہے۔ جن میں سے 331 اسامیاں پُر ہیں اور 126 اسامیاں خالی ہیں۔ ادارہ وائز تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
(د) سکیل 16 اور اس سے اوپر کی اسامیوں کی بھرتی پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہے جس کے لیے ضروری کارروائی مکمل کر کے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کے لیے اخبار میں اشتہار شائع ہو چکا ہے۔ تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
جبکہ سکیل 15 تک کی اسامیوں کی بھرتی پر گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبر SOR-IV(S&GAD)10-15/2018(BAN) مورخہ 07-12-2018 کے تحت پابندی عائد ہے۔ لیٹر کی کاپی ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
البتہ Development Schemes پر سے گورنمنٹ کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبر SOR-IV(S&GAD)10-15/2018(BAN) مورخہ 07-03-2019 کے تحت پابندی اٹھالی گئی ہے۔ لیٹر کی کاپی ضمیمہ "و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
محکمہ سپیشل ایجوکیشن پنجاب نے ADP Schemes کی خالی اسامیوں پر بھرتیوں کے لیے اخبار میں اشتہار شائع کر دیا ہے اور بھرتیوں کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ اشتہار کی کاپی ضمیمہ "و" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔
مزید برآں ان اداروں میں کوئی بھی Missing Facility نہیں ہے۔ ان اداروں کی عمارتیں روشن، کشادہ اور ہوادار ہیں۔ تمام بنیادی سہولیات مثلاً چار دیواری، پانی، بجلی، واش رومز، فرنیچر وغیرہ موجود ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 جون 2019)

# ضلع سرگودھا: پی پی 79 کے زیر انتظام سپیشل سکولوں کی تعداد، بسوں کی فراہمی اور تصرف کردہ فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*2394: رانا منور حسین: کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ سپیشل ایجوکیشن پی پی 79 ضلع سرگودھا میں موجود سکولوں کی تفصیل بتائیں؟

(ب) سپیشل ایجوکیشن سنٹر سلانوالی کو کتنی بسیں فراہم کی گئی ہیں۔

(ج) کیا حکومت چک 46 جنوبی اور شاہ نکدر میں ADP2019-20 میں سپیشل ایجوکیشن کا سکول قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(د) پی پی 79 میں موجود سنٹر کے سالانہ فنڈز کی تفصیل بتائیں جو خرچ ہو رہے ہیں۔

(ہ) ان کی کونسل اور عملہ کی تفصیل بیان فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 30 اپریل 2019 تاریخ ترسیل 12 جولائی 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع سرگودھا کے حلقہ پی پی 79 میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کا صرف ایک ہی ادارہ کام کر رہا ہے جس کا نام درج ذیل ہے۔

گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر، سلانوالی۔

(ب) گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر سلانوالی کو 2 منی بسیں مہیا کی گئی ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) محکمہ سپیشل ایجوکیشن ADP2019-20 میں چک 46 جنوبی اور شاہ نکدر ضلع سرگودھا میں کوئی ادارہ قائم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اگر چک 46 جنوبی اور شاہ نکدر ضلع سرگودھا میں معذور بچوں کے لئے سکول بنناضروری ہوا تو محکمہ کی پالیسی کے مطابق سروے کروایا جائے گا جس سے یہ پتہ چلے گا کہ اس حلقہ میں معذور بچوں کی تعداد کتنی ہے، اگر معذور بچوں کی کثیر تعداد پائی گئی تو محکمہ اس کو نئے سال کی ADP میں شامل کرے گا۔

(د) گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر، سلانوالی کو مالی سال 2018-19 میں مختص کردہ بجٹ کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سیلری بجٹ: 14.418 ملین روپے

نان سیلری بجٹ: 6.082 ملین روپے

میزان: 20.500 ملین روپے

(ہ) گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر، سلانوالی میں سکول مینجمنٹ کونسل (SMC) قائم ہے جو معذور بچوں کی فلاح و بہود کے لئے سرگرم رہتی ہے۔ اس کونسل میں معذور بچوں کے والدین، ادارے کا سربراہ اور علاقے کے معزز شہری شامل ہوتے ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

اس کے علاوہ مذکورہ سکول میں ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ عملہ کی تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 30 اگست 2019)

## ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے اداروں کی تعداد اور ان میں خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*2611: **سید عثمان محمود:** کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے کتنے اور کہاں کہاں ادارے کام کر رہے ہیں؟

(ب) حکومتی اور پرائیویٹ اداروں کی تعداد کیا ہے نیز کتنے طلباء وطالبات ان اداروں سے مستفید ہو رہے ہیں؟

(ج) ان اداروں میں کہاں کہاں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی ہیں نیز اسامیاں کب تک پر کی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 14 جون 2019 تاریخ ترسیل 6 اگست 2019)

### جواب

**وزیر سپیشل ایجوکیشن**

(الف) ضلع رحیم یار خان میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے کل سات ادارے کام کر رہے ہیں اور یہ ادارے کہاں کہاں واقع ہیں تفصیل ضمیمہ " الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع رحیم یار خان میں حکومتی اداروں کی کل تعداد سات ہے اور پرائیویٹ اداروں کی کل تعداد صرف ۲ ہے۔ سات حکومتی اداروں اور دو پرائیویٹ اداروں میں زیرِ تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد سکولز وائز ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع رحیم یار خان میں واقع سات مذکورہ بالا حکومتی اداروں میں کون کون سی اسامیاں کب سے اور کہاں کہاں خالی ہیں، ان کی تفصیل ادارہ وار ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ محکمہ سپیشل ایجوکیشن میں نان ٹیچنگ سٹاف کی بھرتی کا عمل جاری ہے اور جیسے ہی بھرتی کا عمل مکمل ہو گا محکمہ جلد ان خالی اسامیوں کو پُر کر دے گا۔ علاوہ ازیں محکمہ ٹیچنگ سٹاف کی خالی اسامیوں کو بھی جلد پُر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 ستمبر 2019)

## ملتان اور جہلم میں نئے سپیشل ایجوکیشن سنٹرز کے قیام سے متعلقہ تفصیلات

*2959: **محترمہ مومنہ وحید:** کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت پنجاب ملتان اور جہلم میں نئے سپیشل ایجوکیشن سینٹرز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر جواب ہاں میں ہے تو یہ سینٹرز کب تک تعمیر ہوں گے اور ان پر کتنا خرچہ آئے گا۔

(ج) ان سینٹرز میں کیا سہولیات میسر ہوں گی۔

(تاریخ وصولی 4 ستمبر 2019 تاریخ ترسیل 23 اکتوبر 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) محکمہ سپیشل ایجوکیشن ضلع جہلم اور ملتان میں رواں مالی سال 20-2019 میں کوئی نیا ادارہ بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ ضلع جہلم میں سپیشل ایجوکیشن کے 07، ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں دو اداروں کی نئی عمارات 192.998 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر کی جا رہی ہیں۔ تفصیل ادارہ وائز ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ضلع ملتان میں 14 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے رواں مالی سال 20-2019 میں 159.674 ملین روپے کی لاگت سے گورنمنٹ شاداب انسٹیٹیوٹ آف سپیشل ایجوکیشن برائے ذہنی معذوراں اور گورنمنٹ سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن برائے جسمانی معذوراں ملتان کی نئی کشادہ عمارات تعمیر کی گئی ہیں۔ تفصیل ادارہ وائز ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(ب) جواب نہ میں ہے۔ محکمہ سپیشل ایجوکیشن ضلع جہلم اور ملتان میں رواں مالی سال 20-2019 میں کوئی نیا ادارہ بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔

(ج) حکومت پنجاب محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے تحت کام کرنے والے موجودہ اداروں میں مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ اور یہی سہولیات نئے بننے والے اداروں میں بھی میسر ہوں گی۔

#مفت تعلیم اور کتابیں۔

# / 800 (آٹھ سو) روپے ماہانہ وظیفہ

#سال میں تین مفت وردیاں اور جوتے۔

# سپیچ تھراپی کی سہولت۔

# سکول میں لانے اور واپس لے جانے کی مفت سہولت۔

#طبی معائنہ، سماعت و بصارت سے محروم طلباء کے لیے جانچ کروانے کی مفت سہولت۔

(تاریخ وصولی جواب 15 نومبر 2019)

### ضلع رحیم یار خان: خصوصی بچوں کی تعلیم کے اداروں کی تعداد نیز ان کو وظیفہ اور دیگر سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*3419: **جناب ممتاز علی**: کیا وزیر سپیشل ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع رحیم یار خان میں خصوصی بچوں کی تعلیم کے کتنے ادارے کہاں کہاں قائم ہیں؟

(ب) صادق آباد میں خصوصی بچوں کی تعلیم کے لیے کتنے ادارے کہاں کہاں قائم ہیں۔

(ج) ان اداروں میں بچوں کو کس جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔

(د) ضلع کے خصوصی تعلیم کے اداروں میں بچوں کو تعلیم کے ساتھ کوئی وظیفہ اور سہولیات بھی دی جاتی ہیں تو ان کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 29 اکتوبر 2019 تاریخ ترسیل 05 دسمبر 2019)

## جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع رحیم یار خان میں سپیشل ایجوکیشن کے 07 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل رحیم یار خان میں 03 ادارے، تحصیل خان پور میں 02 ادارے، تحصیل صادق آباد میں 01 ادارہ اور تحصیل لیاقت پور میں 01 ادارہ کام کر رہا ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تحصیل صادق آباد میں 01 ادارہ گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر صادق آباد کام کر رہا ہے۔ جو کہ گلی نمبر 01، رشیدہ آباد کالونی، صادق آباد میں واقع ہے۔

(ج) ان اداروں میں پرائمری سے لے کر دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔

(د) جو بچے سپیشل ایجوکیشن کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں ان کو 70 فیصد حاضری کی بنیاد پر 800 روپے ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے جو ہر بچے کے اپنے اکاؤنٹ میں ہر ماہ ٹرانسفر کر دیا جاتا ہے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے تمام سپیشل بچوں کو مندرجہ ذیل سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔

#مفت تعلیم اور کتابیں۔

#800/ روپے ماہانہ وظیفہ۔

# سپیچ تھراپی کی سہولت۔

#سال میں تین مفت وردیاں اور مفت جوتے۔

#ہوسٹل میں رہائش پذیر سماعت سے محروم بچوں کو مفت کھانا اور مفت رہائش۔

#سکول میں لانے اور واپس لے جانے کی مفت ٹرانسپورٹ۔

#طبی معائنہ، سماعت وبصارت جانچ کروانے کی مفت سہولت۔

(تاریخ وصولی جواب 27 دسمبر 2019)

لاہور                                                                 محمد خان بھٹی

مورخہ 30 دسمبر 2019                                                  سیکرٹری

# بروز منگل 31 دسمبر 2019 کو محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ شازیہ عابد | 1524-788 |
| 2 | سید عثمان محمود | 2611-815 |
| 3 | جناب محمد طاہر پرویز | 1038 |
| 4 | محترمہ خدیجہ عمر | 1103 |
| 5 | محترمہ عنیزہ فاطمہ | 1189 |
| 6 | ملک محمد احمد خاں | 1220 |
| 7 | محترمہ گلناز شہزادی | 1382 |
| 8 | محترمہ سبین گل خان | 1690 |
| 9 | رانا منور حسین | 2394 |
| 10 | محترمہ مومنہ وحید | 2959 |
| 11 | جناب ممتاز علی | 3419 |

سترہواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز منگل 31 دسمبر 2019

## فہرست غیر نشان زدہ سوال اور جواب

## بابت

# محکمہ سپیشل ایجوکیشن

## ضلع خوشاب میں سپیشل ایجوکیشن کے اداروں سے متعلقہ تفصیلات

**429:جناب محمد وارث شاد:** کیاوزیر سپیشل ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع خوشاب میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے کتنے ادارے کس کس جگہ چل رہے ہیں؟

(ب) ان اداروں میں کون کون سی اسامیاں خالی ہیں تفصیل عہدہ اور گریڈ وائز بتائیں۔

(ج) ان اداروں میں کتنے طالب علم زیر تعلیم ہیں۔

(د) ان اداروں کے پاس پک اینڈ ڈراپ کے لئے کون کون سی موٹر وہیکل ہیں۔

(ہ) ان اداروں کی مسنگ فسیلٹیز کون کون سی ہیں ان اداروں کے حکومت کب تک مسائل حل کرے گی۔

(تاریخ وصولی 6 فروری 2019 تاریخ ترسیل 26 فروری 2019)

### جواب

### وزیر سپیشل ایجوکیشن

(الف) ضلع خوشاب میں محکمہ سپیشل ایجوکیشن کے 6 0 ادارے کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے تحصیل خوشاب میں 03 ادارے، تحصیل نور پور تھل میں 01 ادارہ، تحصیل قائد آباد میں 01 ادارہ اور تحصیل نوشہرہ میں 01 ادارہ کام کر رہا ہے۔ تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان اداروں میں کل 57 اسامیاں خالی ہیں۔ عہدہ اور گریڈ کے مطابق ادارہ وائز خالی اسامیوں کی تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ان اداروں میں 479 سپیشل بچے زیر تعلیم ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان اداروں میں پک اینڈ ڈراپ کیلئے 08 منی بسیں موجود ہیں۔ تفصیل ضمیمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) ضلع خوشاب میں سپیشل ایجوکیشن کے 06 اداروں میں سے 03 ادارے کرائے کی عمارتوں میں کام کر رہے ہیں۔ ان تمام اداروں میں بنیادی سہولیات مثلاً چار دیواری، پانی، بجلی، واش روم، فرنیچر وغیرہ موجود ہیں۔ سپیشل ایجوکیشن کے اداروں کی اپنی عمارتیں روشن، کشادہ اور Disable Friendly ہیں البتہ کرایہ کی عمارتوں میں کام کرنے والے اداروں میں کمرے کھلے اور ہوادار تو ہیں لیکن بچوں کے کھیلنے کے لیے میدان نہیں ہیں اور نہ ہی عمارتیں Disable Friendly ہیں۔ ابتدائی طور پر ادارہ کا قیام کرایہ کی عمارت میں کیا جاتا ہے اس کے بعد محکمہ اپنی زمین کے حصول کے لیے کوشاں ہو جاتا ہے۔ گورنمنٹ ہر سال ترقیاتی پروگرام میں زیادہ سے زیادہ اداروں میں سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں کر رہی ہے۔ سہولیات کی تفصیل ضمیمہ "ہ" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 15 نومبر 2019)

لاہور | محمد خان بھٹی
مورخہ 30 دسمبر 2019 | سیکرٹری